# جامع ترمذی

## MCQ,s

| سوال | ا | ب | ج | د |
|---|---|---|---|---|
| 1. حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کس صحابی کے بیٹے سے فرمایا جاؤ لوگوں کے درمیان فیصلے کرو؟ | ابنِ علی سے | ابنِ عمر سے | ابنِ صدیق سے | ابنِ زید سے |
| 2. وأبغَضَ النّاسِ إلى اللّٰہِ و أبعدَھُم منہُ مجلسًا جائرٌ إمامٌ خط کشیدہ کا معنی ہے۔ | عادل امام | ظالم حکمران | شراب نوش | نشہ کرنے والا |
| 3. ابو مریم کس کی کنیت ہے؟ | عمرو بن مرّہ کی | عمرو بن عاص کی | عبد اللہ بن عمر کی | حضرت علی کی رضی اللہ عنہ |
| 4. فجعلَ معاویۃُ رجُلًا علی النّاسِ حوائجِ خط کشیدہ کا معنی ہے؟ | لوگوں کے کپڑے | لوگوں کی چادریں | لوگوں کی ضرورتیں | یا سب کچھ |
| 5. لاتُصیبنّ شیئًا بغیرِ إذني فإنّہُ غُلولٌ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان میں غلول کا کیا معنی ہے؟ | تحفہ | لنگر | موتی | خیانت |
| 6. حضور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا: لَوْ أُھْدِيَ إِلَيّ کُرَاعٌ لَقَبِلْتُ خط کشیدہ کا معنیٰ ہے۔ | کُھر | سر | دستی | سینگ |
| 7. کسی شخص کو عمر بھر کے لیے کوئی چیز دینا، کیا کہلاتا ہے؟ | عمریٰ | صدقہ | زکوٰۃ | ان میں سے کوئی بھی نہیں |
| 8. عمریٰ کا حکم کیا ہے؟ | حرام | جائز | ناجائز | مکروہ |
| 9. رقبیٰ کا کیا معنی ہے؟ | خوش ہونا | ناراض ہونا | اچھی بات کرنا | انتظار کرنا |
| 10. لڑکے کے بالغ ہونے کی عمر کی حد کتنی ہے؟ | 9 سے 10 سال | 10 سے 11 سال | 12 سے 15 سال | 11 سے 12 سال |
| 11. جامع ترمذی میں بلوغت کی کتنی نشانیاں بیان کی گئی ہیں؟ | 4 | 2 | 5 | 3 |
| 12. شفعہ کا لغوی معنیٰ کیا ہے؟ | خریدنا | توڑنا | ملانا | ختم کرنا |
| 13. لُقطہ کا کیا معنیٰ ہے؟ | گری پڑی چیز | خراب چیز | جلی ہوئی چیز | اچھی چیز |
| 14. احناف کے نزدیک لُقطہ کا کتنی مدت تک اعلان کیا جائے؟ | 2 سال | 3 سال | 1 سال | 4 سال |
| 15. کوئی چیز اپنی ملکیت سے نکال کر اللہ کی ملک کر دینا کیا کہلاتا ہے؟ | وقف | زکوٰۃ | صدقہ | مسجد |
| 16. قتل کی دیت ادا کرنے کی مدت کتنی ہے؟ | 1 سال | 3 سال | 2 سال | 4 سال |
| 17. دیت میں کتنی قسم کے اونٹ ادا کیے جاتے ہیں؟ | 3 قسم کے | 4 قسم کے | 6 قسم کے | 5 قسم کے |
| 18. قتلِ عمد میں کیا ہوتا ہے؟ | دیت | کچھ بھی نہیں | پیسے | قصاص |
| 19. درہم ادا کرنے کی صورت میں دیت کتنی ہوتی ہے؟ | 10 ہزار درہم | 5 ہزار درہم | 15 ہزار درہم | 20 ہزار درہم |

اُستاد الحدیث مولانا انعام اللہ مدنی صاحب
درجہ: دورۃ الحدیث

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 20. دنیا میں سب سے پہلے لوگوں کے درمیان کس چیز کا فیصلہ کیا گیا؟ | عید کا | مال کا | **خون کا** | قربانی کا |
| 21. مسلمان کا قتل کتنی صورتوں میں جائز ہے؟ حدیث پاک کی روشنی میں | 1صورت میں | **3صورتوں میں** | 2صورتوں میں | 4صورتوں میں |
| 22. جنت کی خوشبو کتنی دور سے آئے گی؟ | 60سال کی مسافت سے | 80سال کی مسافت سے | 90سال کی مسافت سے | **70سال کی مسافت سے** |
| 23. حمل کے ضائع کرنے کی کیا دیت ہے؟ | 40اونٹ | **غلام/لونڈی** | 20بنتِ مخاض | 20اونٹ |
| 24. کتنے قسم کے لوگوں پر حد واجب نہیں؟ | 2 | **3** | 4 | 5 |
| 25. ادْرَءُوا الْحُدُودَ عَنِ الْمُسْلِمِينَ خط کشیدہ کا معنیٰ ہے۔ | **حد سے بچو** | حد لگاؤ | قسم کھاؤ | ان میں سے کوئی نہیں |
| 26. زنا کی حد میں کتنے گواہوں کی گواہی قبول کی جائے گی؟ | 2 | 3 | **4** | 5 |
| 27. زنا کی حد لگانے میں زانی کا اقرار کتنی مرتبہ معتبر ہے؟ | **4** | 3 | 2 | 1 |
| 28. شادی شدہ زانی کی کیا حد ہے؟ | 100 کوڑے | **رجم** | 80 کوڑے | 40 کوڑے |
| 29. غیر شادی شدہ آزاد مرد/عورت اگر زنا کریں تو ان کی کیا سزا ہے؟ | 80 کوڑے | 20 کوڑے | رجم | **100 کوڑے** |
| 30. غیر شادی شدہ غلام مرد/عورت اگر زنا کریں تو ان کی کیا سزا ہے؟ | **40 کوڑے** | 80 کوڑے | 100 کوڑے | 20 کوڑے |
| 31. اگر شادی شدہ غلام مرد/عورت زنا کریں تو ان کی کیا سزا ہے؟ | **رجم** | 40 کوڑے | 80 کوڑے | 100 کوڑے |
| 32. شرابی کی شرعی سزا کتنی مقرر ہے؟ | 100 کوڑے | 20 کوڑے | **80 کوڑے** | 120 کوڑے |
| 33. چوری کی سزا میں اس کا کون سا عضو کاٹا جاتا ہے؟ | پاؤں | بازو | **ہاتھ** | ٹانگ |
| 34. کسی محفوظ جگہ سے مال چرانا کیا کہلاتا ہے؟ | خیانت | ڈاکہ | اچکنا | **سرقہ** |
| 35. جامع ترمذی کن کی تصنیف ہے؟ | محمد بن اسماعیل | **ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ** | مسلم بن حجاج قشیری | حجاج بن یوسف |
| 36. جس کتاب کی ترتیب ابوابِ فقہ پر کی گئی ہو اسے کیا کہتے ہیں؟ | **سنن** | جامع | حدیث | صحیح |
| 37. حدیث کی وہ کتاب جس میں آٹھ مخصوص عنوانات کے تحت احادیث ذکر کی گئی ہوں اسے کیا کہتے ہیں؟ | سنن | **جامع** | مستدرک | محکم |
| 38. جامع ترمذی کی احادیث مقصودہ کی تعداد کتنی بیان کی جاتی ہے؟ | 1395 | 1495 | 1485 | **1385** |
| 39. توابع اور شواہد کو شامل کر کے جامع ترمذی کی احادیث کی تعداد کتنی ہے؟ | 4956 | **3956** | 5956 | 6956 |
| 40. امام محمد بن عیسیٰ کی کنیت کیا ہے؟ | ابو موسیٰ | ابو علی | **ابو عیسیٰ** | ابو بکر |
| 41. قَالَ: «نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ أَكْلِ الْمُجَثَّمَةِ» مجثمہ کا کیا معنیٰ ہے؟ | **وہ جانور جسے باندھ کر مار دیا جائے** | وہ جانور جسے تیز آلے سے مارا جائے | وہ جانور جسے لاٹھی سے مارا جائے | وہ جانور جو اونچائی سے گر کر مر جائے |
| 42. کس چیز کے ساتھ ذبح کرنے سے منع کیا گیا ہے؟ | بانس سے | **ہڈی اور ناخن دونوں سے** | پتھر سے | فقط ہڈی سے |
| 43. خواب کتنی طرح کا ہوتا ہے؟ | 2 | **3** | 5 | 4 |
| 44. لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا میں بشریٰ سے کیا مراد ہے؟ | رزق کی فراوانی | عمر میں برکت | **نیک خواب** | توفیقِ عبادت |
| 45. جھوٹا خواب بیان کرنے والے کو قیامت والے دن مکلّف بنایا جائے گا | خواب کو حقیقت بنائے | لوگوں سے معافی مانگے | ان میں سے کوئی نہیں | کہ دو جو میں گرہ لگائے |
| 46. قرآن پڑھنے والے مؤمن کی حدیث پاک میں مثال بیان کی گئی ہے۔ | **ترنج** | کھجور | ریحانہ | صنوبر |

اُستاذ الحدیث مولانا انعام اللہ مدنی صاحب

درجہ: دورۃ الحدیث

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 47. إِنَّمَا مَثَلِي وَمَثَلُ أُمَّتِي كَمَثَلِ رَجُلٍ اسْتَوْقَدَ نَارًا، فَجَعَلَتِ الذُّبَابُ وَالفَرَاشُ يَقَعْنَ فِيهَا میں الفراش کا معنیٰ کیا ہے؟ | پرندے | پروانے | شہد کی مکھیاں | ان میں سے کوئی نہیں |
| 48. تفسیر کی کتنی اقسام ہیں؟ | 6 | 8 | 5 | 4 |
| 49. فَجَعَلْتُ أَقُولُ فِي نَفْسِي: فَأَيْنَ لُصُوصُ طَيِّئٍ لصوص کی واحد ہے۔ | لصيص | لَصّ | الصاءُ | لِصةٌ |
| 50. أُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ إِلَىٰ نِسَآئِكُمْ ط یہ آیت کس صحابی کے بارے میں نازل ہوئی؟ | حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ | حضرت عثمان رضی اللہ عنہ | قیس بن صرمہ رضی اللہ عنہ | ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ |
| 51. أَبْغَضُ الرِّجَالِ إِلَى اللَّهِ------ | الظالم | العاصي | القاتل | الأَلَدُّ الخَصِمُ |
| 52. احناف کے نزدیک صلوٰۃ وسطیٰ کون سی نماز ہے؟ | فجر | عصر | مغرب | جمعہ |
| 53. وَكَانَ الرَّجُلُ يَأْتِي بِالْقِنْوِ وَالْقِنْوَيْنِ فَيُعَلِّقُهُ فِي الْمَسْجِدِ خط کشیدہ کی وضاحت کریں۔ | انگور | کشمش | جو | خوشہ |
| 54. نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بیت المقدس کی طرف منہ کر کے کتنا عرصہ نماز پڑھی؟ | 12 مہینے | 14 مہینے | 15 مہینے | 16 یا 17 مہینے |
| 55. إِنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ وُلَاةً مِنَ النَّبِيِّينَ۔۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ولی (خاص دوست) حدیث پاک میں کس کو فرمایا گیا؟ | حضرت موسیٰ علیہ السلام | حضرت ابراہیم علیہ السلام | حضرت یوسف علیہ السلام | حضرت اسمٰعیل علیہ السلام |
| 56. ايُّ الحَجِّ أَفْضَلُ يَا رَسُولَ اللهِ؟ قَالَ: العَجُّ وَالثَّجُّ خط کشیدہ کا معنیٰ ہے | بلند آواز میں تلبیہ کہنا | قربانی کرنا | سر مونڈوانا | قربانی اور بلند آواز تلبیہ |
| 57. أَنْتُمْ تُتِمُّونَ------أُمَّةً خالی جگہ پر کریں۔ | اربعین | خمسين | سَبْعِينَ | ستين |
| 58. ثُمَّ أَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِنْ بَعْدِ الْغَمِّ أَمَنَةً نُعَاسًا یہ آیت کس موقع پر نازل ہوئی؟ | بدر | اُحد | احزاب | حنين |
| 59. وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَمْوَاتًا ط یہ آیت کس صحابی کے بارے میں نازل ہوئی؟ | حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے والد کے بارے میں | حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کے والد کے بارے میں | حضرت قیس رضی اللہ عنہ کے والد کے بارے میں | حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ کے والد کے بارے میں |

اُستاد الحدیث مولانا انعام اللہ مدنی صاحب

درجہ: دورۃ الحدیث